Urdu

# پیشاب کا نمونہ جمع کرنا

سال میں کم از کم ایک مرتبہ آپ کے پیشاب میں البومین (albumin) مواد کی جانچ پڑتال کی جانی چاہیے۔ ہم گردے پر ابتدائی اثرات کو وقت پر پکڑنے کے لیے معائنہ کرتے ہیں۔

آپ کو اپنے پیشاب کا نمونہ گھر پر اور ترجیحاً صبح کے وقت جمع کرنا چاہیے۔
نمونہ کا بھرا ہوا گلاس SDCC میں لائیں اور اسے خون ٹیسٹ کرنے والی جگہ پر چھوڑ دیں۔

اگر آپ کی اگلی ملاقات فون یا ویڈیو مشاورت ہے تو آپ اپنا نمونہ ڈاک ارسال کرنے کے مقام پر جمع کروا سکتے ہیں (نمونہ لیٹر باکس میں نہ ڈالیں)۔

جمع شدہ پیشاب کا نمونہ زیادہ سے زیادہ 21 ڈگری سینٹی گریڈ پر زیادہ سے زیادہ 7 دنوں کے لیے ذخیرہ کیا جا سکتا ہے۔

## اس طرح پیشاب کا نمونہ جمع کریں

آپ کو پیشاب کا ایک کپ اور ایک نمونہ کا گلاس دیا گیا ہے۔ جب آپ نمونے کا گلاس بھر لیں تو پیشاب کا کپ ضائع کیا جا سکتا ہے۔



آپ پیشاب کا نمونہ لیتے وقت صبح کا پیشاب استعمال کریں۔ گلاس میں کم از کم 20 ملی لیٹر پیشاب بھردیں اور ڈھکنا کس دیں۔ گلاس سیدھا رکھیں۔



پیشاب کے گلاس کے ڈھکنے پر سے بند کرنے والی چیز کو ہٹا دیں۔ سوراخ میں انگلی نہ ڈالیں، کیونکہ ربڑ کی جھلی کے نیچے ایک تیز دھار سوئی ہوتی ہے۔



نمونہ کے گلاس کے ڈھکن کو نہ کھولیں، بلکہ پیشاب کے گلاس کے ڈھکن کے سوراخ میں سوئی کے اوپر سے اسے دبا دیں۔ نمونہ گلاس اب خود بخود بھرا ہوا ہے۔ نمونہ کے گلاس پر تاریخ لکھ دیں۔

**Steno Diabetes Center Copenhagen**
Borgmester Ib Juuls Vej 83
Herlev 2730